اسلام آباد ،لاہور ،کراچی ،کوئٹہ ،پشاور ،راولپنڈی ،ملتان اور دنیا بھر کی مستند خبریں

شیخ ارشد علی

روزنامہ لاہور
نیو دنیا
پاکستان

E-Paper

جلد نمبر 14 | جمعرات، 16 شوال 1445ھ، 25 اپریل 2024ء، صفحات 4، قیمت 10 روپے | شمارہ نمبر 99

وفاقی محتسب ریجنل مشتاق احمد اعوان نے صوبائی محتسب آفس منڈی بہاولدین میں کھلی کچہری لگائی

منڈی بہاوالدین (مرزا عبدالرحیم) وفاقی محتسب جناب اعجاز احمد قریشی کی خصوصی ہدایت پر انچارج وفاقی محتسب ریجنل آفس سرگودھا مشتاق احمد اعوان نے صوبائی محتسب آفس منڈی بہاولدین میں کھلی کچہری لگائی جس میں وفاقی محکموں کے خلاف عوام کی شکایات سُن کر موقع پر ہی ریلیف دلوا کر عوام کے مسائل حل کیے گئے۔ زیادہ تر شکایات گیپکو، پوسٹ آفس، پاسپورٹ، سی ایم اے لاہور کی تھیں۔ ان محکموں کے افسران نے ذاتی طور پر رپورٹ جمع کرائیں۔ جس پر سائلین نے وفاقی محتسب کا شکریہ ادا کیا۔ اس روز مزید نئی شکایات بھی موصول ہوئیں۔ جن پر کارروائی کے لئے رجسٹرڈ کر لیا گیا ہے۔

MEMBER A.P.N.S — 1945ء سے بہاول پور کا قدیم ترین کثیر الاشاعت اخبار — MEMBER C.P.N.E

Email:daily_kainat_bwp@hotmail.com

Daily KAINAT Bahawalpur

بانی: ولی اللہ اوحد (مرحوم)

روزنامہ کائنات بہاولپور

اسحاق محمد درانی
ایڈووکیٹ
لیگل ایڈوائزر

چیف ایڈیٹر: ولی اللہ اوحد (ثانی)

ڈپٹی نیوز ایڈیٹر
شاہ رخ خان

ایڈیٹر: اسامہ عباسی

مینجنگ ایڈیٹر: احمد علی بلوچ

رجسٹرڈ ایم نمبر 33

جلد نمبر	بروز جمعرات 15 شوال 1445ھ 25 اپریل 2024ء (قیمت 12 روپے)	شمارہ نمبر
79	فون نمبر 0300-6800366	83

بہاول پور: وفاقی محتسب ریجنل آفس بہاولپور ، کمشنر IRD باسط عزیز خان مختلف محکموں کے خلاف کیسوں کی سماعت کر رہے ہیں، فوٹو، حسیب رضا۔

عوام کے مسائل کو حل کروانے اور جلد از جلد انصاف کی فراہمی کو یقینی بنانے کے لئے انتھک محنت اور کوشش جاری رکھیں گے، کمشنر IRD باسط عزیز خان

بہاول پور (حسیب رضا سے) وفاقی محتسب ریجنل آفس بہاولپور ، کمشنر IRD باسط عزیز خان مورخہ 29-04-2024 بروز سوموار وفاقی محتسب اعجاز احمد قریشی کے ویژن اور پروگرام "انصاف آپ کی دہلیز پر " کے تحت واپڈا کمپلیکس چشتیاں میں مختلف وفاقی محکموں کے خلاف دائر کئے گئے 136 کیسز کی سماعت کریں گے۔ میڈیا نمائندگان کی موجودگی میں کمشنر نے اس بات کا اعادہ کیا کہ عوام کو چاہیئے کہ بلاخوف وخطر وفاقی محکموں کیخلاف شکایات درج کرائیں فوری اور میرٹ پر انصاف فراہم کرنے کی بھرپور کوشش کریں گے۔ مزید براں کمشنر IRD باسط عزیز خان نے میڈیا نمائندگان سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ وفاقی محتسب اعجاز احمد قریشی کے احکامات کی روشنی میں عوام کے مسائل کو حل کروانے اور جلد از جلد انصاف کی فراہمی کو یقینی بنانے کے لئے انتھک محنت اور کوشش جاری رکھیں گے اور اس نظریہ اور پروگرام کے مطابق فوری ریلیف فراہم کرتے رہنا ہمارا اولین فرض ہے - اور ہر شکایت کا فیصلہ 60 دن کے مختصر سے عرصے میں بغیر فیس اور وکیل کے کر دیا جاتا ہے اور اس سنگین اور پریشان کن دور میں رشوت اور سفارش کے بغیر وفاقی محتسب کے تعاون سے سائلین کو فوری , سستا اور مختصر سے عرصے میں بغیر فیس اور وکیل کے انصاف مل جاتا ہے، لوگوں کی شکایات کا اندراج اور سماعت بذریعہ وٹس ایپ بھی ہو جاتا ہے ,اس سہولت سے وقت اور پٹرول دونوں کی بچت کے ساتھ ساتھ شدید گرمی میں دور دراز کا سفر بھی نہیں کرنا پڑتا .